ہدایات برائے رجسٹریشن - مرکزی کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر

رجسٹریشن کا طریقہ کار

- ای ڈیویڈنڈ سروسز کے لیے رجسٹر کرنے کے لیے ای سروسز پورٹل پر جائیں https://eservices.cdcaccess.com.pk/public/index.xhtml
- اگر آپ پہلے سے ای سروسز کی سہولت حاصل نہیں کر رہے ہیں تو New here? Register Now کے ٹیب پر کلک کر کے خود کو رجسٹر کروائیں۔ (اس سروس کے لیے کوئی بھی رجسٹر کر سکتا ہے۔

رجسٹریشن کے لیے افراد کو CNIC / NICOP / POC یا پاسپورٹ درکار ہوگا اور کارپوریٹ ادارے کو رجسٹریشن نمبر یا NTN کی ضرورت ہوگی۔)

- Register Now پہ کلک کرنے کے بعد اسکرین پر ابھرنے والے فارم کو پُر کریں۔ (تمام لازمی خانوں کے آگے * کا نشان نمایاں ہوگا۔ ان تمام خانوں کو پُر کرنا لازمی ہے۔)
- فارم پُر کرنے کے بعد 'SAVE' کا بٹن دبا کر فراہم کی گئی معلومات کو محفوظ کیجئے۔
- فارم کو کامیابی سے محفوظ کرنے کے بعد آپ کو اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر ایک لنک موصول ہوگا۔ اس لنک کو کلک کرنے پر پاس ورڈ تبدیل کرنے کے لیے ایک نئی اسکرین کھل جائے گی۔
- پاس ورڈ 10-8 ہندسوں کا ہو سکتا ہے جس میں سے 6 انگریزی حروفِ تہجی (ایک اپر کیس اور ایک لوئر کیس) اور کم از کم دو نمبرز ہونے چاہئیں۔
- پاس ورڈ سیٹ کرنے کے بعد ای سروسز کے ہوم پیج پر واپس آ جائیں۔
- افراد کے لیے یوزر آئی ڈی (User ID) CNIC / NICOP / POC / Passport ہوگا اور کارپوریٹ ادارے کے لیے رجسٹریشن نمبر یا NTN نمبر ہوگا۔ پاس ورڈ وہی ہوگا جو آپ نے پہلے منتخب کیا ہے۔

سروس کی شروعات

- اپنے اکاؤنٹ میں کامیابی سے لاگ ان کرنے کے بعد eDividend کے آپشن کے نیچے My eDividend کے ٹیب پر کلک کیجئے۔ eDividend Service Activation اسکرین کھل جائے گی۔
- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر مہیا کریں اور فزیکل شیئر سرٹیفکیٹ کے لیے فولیو نمبر اور سیکیورٹی سمبل (Symbol) دیں۔
- اسکرین پر List of My eDividend(s) لوڈ ہونے پر، اگر آپ سی ڈی ایس اکاؤنٹ ہولڈر ہیں تو پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر ڈالیں اور اگر آپ کے پاس کاغذی شیئر سرٹیفکیٹ ہیں تو فولیو نمبر اور سیکیورٹی سمبل ڈالیں۔ اس کے بعد آپ کو OTP آپشن کا انتخاب کرنا ہوگا یعنی موبائل نمبر یا ای میل۔ اس سے مہیا کرنے کے بعد آپ کی ای ڈیویڈنڈ سروس کا آغاز ہو جائے گا۔
- سروس کے فعال ہو جانے پر آپ کے سامنے List of My eDividend(s) کی اسکرین ظاہر ہو جائے گی جس پر آپ اپنے Dividend Payment Status کو دیکھ سکتے ہیں۔ آپ Paid Status والے ڈیویڈنڈز کی dividend report بھی دیکھ پائیں گے۔